- قرآن کریم میں ہے:

لَآ أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ أَجْرًا إِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبَىٰ۔ (شوریٰ:23)

میں تم سے کوئی اجرت نہیں مانگتا سوائے اس بات کہ تم میرے قرابت داروں اور اہل بیت سے محبت کرو۔

- حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے: اپنی اولاد کو تین چیز سکھلاؤ۔

1. اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت 2. آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل بیت کی محبت 3. قرآن مجید پڑھنا۔ (الفتح الکبیر: 1/57)

3. حقوق صحابہ رضی اللہ عنہم

دوسرا حق: صحابہ رضی اللہ عنہم سے محبت کرنا بغض نہ کرنا۔ جو ان سے بغض رکھے اس سے بغض رکھنا

(4) ہمیں بھی صحابہ رضی اللہ عنہم سے محبت کا حکم ہے

1) اہل بیت رضی اللہ عنہم سے محبت کا حکم

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

اللہ کی قسم کسی آدمی کے دل میں اس وقت تک ایمان داخل نہیں ہو سکتا جب تک وہ میرے اہل بیت سے اللہ کی خاطر اور میری ان سے رشتہ داری کی وجہ سے ان سے محبت نہ کرے۔ (سنن ابن ماجہ، رقم:140، مستدرک حاکم، رقم:6960)

3. حقوق صحابہ رضی اللہ عنہم

دوسرا حق: صحابہ رضی اللہ عنہم سے محبت کرنا بغض نہ کرنا۔ جو ان سے بغض رکھے اس سے بغض رکھنا

(4) ہمیں بھی صحابہ رضی اللہ عنہم سے محبت کا حکم ہے

2) انصار رضی اللہ عنہم سے محبت کا حکم

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

آيَةُ الإِيمَانِ حُبُّ الأَنْصَارِ، وَآيَةُ النِّفَاقِ بُغْضُ الأَنْصَارِ۔ (بخاری، رقم:17)

الأَنْصَارُ لاَ يُحِبُّهُمْ إِلَّا مُؤْمِنٌ، وَلاَ يُبْغِضُهُمْ إِلَّا مُنَافِقٌ، فَمَنْ أَحَبَّهُمْ أَحَبَّهُ اللَّهُ، وَمَنْ أَبْغَضَهُمْ أَبْغَضَهُ اللَّهُ۔ (بخاری، رقم:3783)

.3 حقوق صحابہ رضی اللہ عنہم

دوسرا حق: صحابہ رضی اللہ عنہم سے محبت کرنا بغض نہ کرنا۔ جو ان سے بغض رکھے اس سے بغض رکھنا

(4) ہمیں بھی صحابہ رضی اللہ عنہم سے محبت کا حکم ہے

3) جب عام مؤمنین، مؤمنات سے محبت کا حکم ہے تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے لیے یہ حکم بطریق اولیٰ ہو گا۔

قرآن کریم میں ہے:

وَالْمُؤْمِنُونَ وَالْمُؤْمِنَاتُ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ۔ (توبہ:71)

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِإِخْوَانِنَا الَّذِينَ سَبَقُونَا بِالْإِيمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِي قُلُوبِنَا غِلًّا لِلَّذِينَ آمَنُوا

رَبَّنَا إِنَّكَ رَءُوفٌ رَحِيمٌ۔ (حشر:10)

3. حقوق صحابہ رضی اللہ عنہم

دوسرا حق: صحابہ رضی اللہ عنہم سے محبت کرنا بغض نہ کرنا۔ جو ان سے بغض رکھے اس سے بغض رکھنا

(5) صحابہ رضی اللہ عنہم کے ہم پر بے شمار احسانات ہیں

قرآن کریم اور احادیث نبویہ اور احکام شرعیہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ہی کے ذریعہ امت تک پہنچے ہیں، اگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم قرآن کریم جمع نہ کرتے اور احادیث اور احکام شریعت کی روایت نہ کرتے تو امت کو نہ قرآن کا علم ہوتا اور نہ حدیث کا اور نہ آپ کی شریعت کا اور نہ آپ کی نبوت کا، صحابہ رضی اللہ عنہم رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور امت کے درمیان واسطہ ہیں۔

3. حقوق صحابہ رضی اللہ عنہم

دوسرا حق: صحابہ رضی اللہ عنہم سے محبت کرنا بغض نہ کرنا۔ جو ان سے بغض رکھے اس سے بغض رکھنا

(6) صحابہ کرام رضی اللہ عنہم بے شمار کمالات اور خوبیوں کے حامل تھے

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی خوبیاں، کمالات اور صفات کا تقاضہ بھی یہ ہے کہ ان سے محبت کی جائے مثلاً:

1) صحابہ رضی اللہ عنہم کا قبول اسلام میں سبقت کرنا
2) نزول شریعت اور صاحب شریعت کی سیرت کے عینی شاہد ہونا
3) مدرسہ نبوت کے اولین تلامذہ میں سے ہونا
4) شریعت اسلامی کے اولین مزاج شناس ہونا
5) دین کے راوی اول ہونا اور تمام صفات کا اولین مصداق ہونا وغیرہ

3. حقوق صحابہ رضی اللہ عنہم

دوسرا حق: صحابہ رضی اللہ عنہم سے محبت کرنا بغض نہ کرنا۔ جو ان سے بغض رکھے اس سے بغض رکھنا

(6) صحابہ کرام رضی اللہ عنہم بے شمار کمالات اور خوبیوں کے حامل تھے

نیز آخری عالمگیر نبی کی بعثت اور ان کی مدد ونصرت کے لیے صحابہ رضی اللہ عنہم کا آسمانی انتخاب بھی صحابہ رضی اللہ عنہم کی اعلی خوبیوں وصفات کا پتہ دیتا ہے۔ صحابہ رضی اللہ عنہم کے حالات کا علم رکھنے والا اس بات کو بھی بخوبی جانتا ہے کہ صحابہ رضی اللہ عنہم اسلام قبول کرنے سے پہلے بھی اعلی اوصاف اور شریفانہ خصوصیات کے حامل تھے۔ وہ دھوکے اور فریب کے عادی نہیں تھے، سچے اور کھرے تھے، اس کے ساتھ ساتھ زیرک اور ہوشیار تھے، دھوکہ کھاتے تھے نہ دینا پسند کرتے تھے، وہ بڑے بڑے شہروں اور قدیم تہذیبوں کے ان قدرتی اثرات سے پاک تھے جو انسان کو بزدل، آرام پسند اور سست بنادیتے ہیں۔ ان کی رگوں میں گرم خون دوڑتا تھا اور طبعیتیں کسی بھی خطرے کا سامنا کرنے کے لئے ہر وقت تیار رہتی تھیں۔

نیز وہ سادہ طبیعت اور حق شناس تھے، حق سمجھ آجانے کے بعد حق پر ڈٹ جانے اور اس کے لئے اپنا سب کچھ قربان کردینے والے تھے۔

3. حقوق صحابہ رضی اللہ عنہم

دوسرا حق: صحابہ رضی اللہ عنہم سے محبت کرنا بغض نہ کرنا۔ جو ان سے بغض رکھے اس سے بغض رکھنا

(7) صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے **بغض** در حقیقت حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے **بغض** ہے

چنانچہ حدیث میں ہے:

ومن أبغضهم فببغضی أبغضهم ۔ (ترمذی، رقم:3862)

3. حقوق صحابہ رضی اللہ عنہم

دوسرا حق: صحابہ رضی اللہ عنہم سے محبت کرنا بغض نہ کرنا۔ جو ان سے بغض رکھے اس سے بغض رکھنا

(8) جب عام مؤمنین سے بغض منع ہے تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے بغض رکھنا بطریق اولیٰ منع ہے۔

قرآن کریم میں ہے:

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِإِخْوَانِنَا الَّذِينَ سَبَقُونَا بِالْإِيمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِي قُلُوبِنَا غِلًّا لِلَّذِينَ آمَنُوا رَبَّنَا إِنَّكَ رَءُوفٌ رَحِيمٌ۔ (حشر: 10)

3. حقوق صحابہ رضی اللہ عنہم

دوسرا حق: صحابہ رضی اللہ عنہم سے محبت کرنا بغض نہ کرنا۔ جو ان سے بغض رکھے اس سے بغض رکھنا

(9) صحابہ رضی اللہ عنہم سے بغض نفاق کی علامت ہے۔

- حدیث میں آتا ہے:

آيَةُ الإِيمَانِ حُبُّ الأَنْصَارِ، وَآيَةُ النِّفَاقِ بُغْضُ الأَنْصَارِ. (بخاری، رقم:17)

اَلاَنْصَارُ لاَ يُحِبُّهُمْ إِلَّا مُؤْمِنٌ، وَلاَ يُبْغِضُهُمْ إِلَّا مُنَافِقٌ، فَمَنْ أَحَبَّهُمْ أَحَبَّهُ اللَّهُ، وَمَنْ أَبْغَضَهُمْ أَبْغَضَهُ اللَّهُ. (بخاری، رقم:3783)

- امام مالکؒ فرماتے ہیں:

جس کے دل میں کسی بھی صحابی کی طرف سے کچھ بھی غیظ اور کھوٹ ہو گا وہ اس آیت "لِيَغِيظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ۔ (فتح:29) کا مصداق ہے یعنی اس کے اندر کفر کی برائی پائی جاتی ہے اس وجہ سے وہ صحابہ سے جلتا ہے۔

3. حقوق صحابہ رضی اللہ عنہم

دوسرا حق: صحابہ رضی اللہ عنہم سے محبت کرنا بغض نہ کرنا۔ جو ان سے بغض رکھے اس سے بغض رکھنا

(10) جو صحابہ رضی اللہ عنہم سے بغض رکھے اس سے بغض رکھا جائے اور صحابہ کا دفاع کیا جائے۔

امام طحاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ رضی اللہ عنہم سے محبت کرتے ہیں ان میں سے نہ کسی ایک کی محبت میں افراط کا اشکار ہیں اور نہ ہی کسی سے برائت کا اظہار کرتے ہیں **اور جو ان سے بغض رکھتا ہے اور خیر کے علاوہ ان کا ذکر کرتا ہے ہم اس سے بغض رکھتے ہیں** اور ہم ان کا ذکر صرف بھلائی سے کرتے ہیں۔ ان سے محبت دین وایمان اور احسان ہے اور ان سے بغض کفر و نفاق اور سرکشی ہے۔ (شرح عقیدۃ طحاویۃ:467)

3. حقوق صحابہ رضی اللہ عنہم

دوسرا حق: صحابہ رضی اللہ عنہم سے محبت کرنا بغض نہ کرنا۔ جو ان سے بغض رکھے اس سے بغض رکھنا

(10) جو صحابہ رضی اللہ عنہم سے بغض رکھے اس سے بغض رکھا جائے اور صحابہ کا دفاع کیا جائے۔

علامہ قاضی عیاض رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی توقیر اور آپ سے حسن سلوک کا تقاضا ہے کہ آپ کے صحابہ رضی اللہ عنہم کی بھی توقیر کی جائے اور ان سے حسل سلوک کا مظاہر کیا جائے، ان کے حق کو سمجھا جائے ان کی اقتداء کی جائے ان کی تعریف کی جائے اور ان کے لیے بخشش کی دعا کی جائے اور ان کے درمیان ہونے والے اختلاف کے بارے میں خاموشی اختیار کی جائے۔ **ان کے دشمنوں سے دشمنی رکھی جائے۔**

3. حقوق صحابہ رضی اللہ عنہم

❑ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے محبت کے تقاضے

(1) صحابہ رضی اللہ عنہم کا جب بھی تذکرہ کریں ذکر خیر ہی کریں!

- رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

میرے صحابہ کی تعظیم کرو اس لیے کہ وہ تم سے بہترین ہیں، اس کے بعد وہ لوگ بہتر ہیں جو ان سے نزدیک ہیں یعنی تابعین، اس بعد وہ لوگ بہتر ہیں جو ان کے نزدیک ہیں یعنی تبع تابعین۔ (نسائی فی الکبیر:9179، ترمذی:2165)

- صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا تذکرہ خیر کرنے والا نفاق سے بری ہے۔

3. حقوق صحابہ رضی اللہ عنہم

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے محبت کے تقاضے

(1) صحابہ رضی اللہ عنہم کا جب بھی تذکرہ کریں ذکر خیر ہی کریں!

- رضی اللہ تعالیٰ کہنا لکھنا:

ہمیشہ صحابہ رضی اللہ عنہم کے نام کے ساتھ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہا جائے، لکھا جائے۔

3. حقوق صحابہ رضی اللہ عنہم

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے محبت کے تقاضے

(1) صحابہ رضی اللہ عنہم کا جب بھی تذکرہ کریں ذکر خیر ہی کریں!

- **دعا کرنا:**

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے لیے کی دعائیں کی جائے۔ قرآن کریم میں ہے:

وَالَّذِينَ جَاءُوا مِنۢ بَعْدِهِمْ يَقُولُونَ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِإِخْوَانِنَا الَّذِينَ سَبَقُونَا بِالْإِيمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِي قُلُوبِنَا غِلًّا لِّلَّذِينَ آمَنُوا رَبَّنَا إِنَّكَ رَءُوفٌ رَّحِيمٌ ۔ (حشر:10)

اس آیت کی تفسیر میں حضرت ابن عباس نے فرمایا:

اللہ تعالیٰ نے سب مہاجرین وانصار صحابہ رضی اللہ عنہم کے لیے استغفار کرنے کا حکم سب مسلمانوں کو دیا ہے۔

علماء نے فرمایا کہ اس آیت سے معلوم ہوا کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے بعد اسلام میں اس شخص کا کوئی مقام نہیں جو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے محبت نہ رکھے اور ان کے لیے دعا نہ کرے۔

3. حقوق صحابہ رضی اللہ عنہم

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے محبت کے تقاضے

(2) صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا کبھی بھی برائی سے تذکرہ نہ کریں نہ سنیں

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم پر لعن و طعن، تشنیع، تحقیر و تنقیص، سب و شتم (ان کے شان کے خلاف کوئی بات) ہر گز نہ کریں نہ سنیں۔

- حدیث میں آتا ہے:

لاَ تَسُبُّوا أَصْحَابِي، فَلَوْ أَنَّ أَحَدَكُمْ أَنْفَقَ مِثْلَ أُحُدٍ، ذَهَبًا مَا بَلَغَ مُدَّ أَحَدِهِمْ، وَلاَ نَصِيفَهُ (بخاری، رقم: 3673، مسلم، رقم: 2540)

- رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

" جب تم ایسے لوگوں کو دیکھو جو میرے اصحاب کو برا بھلا کہتے ہوں تو کہو: اللہ کی لعنت ہو تمہارے شر پر "۔ (ترمذی، رقم: 3866)

3. حقوق صحابہ رضی اللہ عنہم

❑ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے محبت کے تقاضے

(2) صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا کبھی بھی برائی سے تذکرہ نہ کریں نہ سنیں

- رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"اللہ سے ڈرو، اللہ سے ڈرو، میرے صحابہ کے معاملہ میں، اللہ سے ڈرو، اللہ سے ڈرو، میرے صحابہ کے معاملہ میں، اور میرے بعد انھیں ہدف ملامت نہ بنانا، جو ان سے محبت کرے گا وہ مجھ سے محبت کرنے کی وجہ سے ان سے محبت کرے گا اور جو ان سے بغض رکھے گا وہ مجھ سے بغض کی وجہ سے ان سے بغض رکھے گا، جس نے انھیں ایذاء پہنچائی اس نے مجھے ایذا پہنچائی اور جس نے مجھے ایذا پہنچائی اس نے اللہ کو ایذا دی، اور جس نے اللہ کو ایذا دی تو قریب ہے کہ وہ اسے اپنی گرفت میں لے لے "۔ (ترمذی، رقم:3862)

3. حقوق صحابہ رضی اللہ عنہم

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے محبت کے تقاضے

(2) صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا کبھی بھی برائی سے تذکرہ نہ کریں نہ سنیں

- ایک اور حدیث میں ہے:
نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مسلمان کو گالی دینے سے آدمی فاسق ہو جاتا ہے اور مسلمان سے لڑنا کفر ہے۔

(بخاری، رقم:48)

اس حدیث مبارکہ کے مطابق جب کسی عام مسلمان کو برا بھلا کہنا کبیرہ گناہ ہے تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو تو برا بھلا کہنا انتہائی خطرناک درجے تک پہنچتا ہے۔

3. حقوق صحابہ رضی اللہ عنہم

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے محبت کے تقاضے

(2) صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا کبھی بھی برائی سے تذکرہ نہ کریں نہ سنیں

- **باہمی اختلافات کا تذکرہ نہ کریں:** صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے باہمی اختلافات (مشاجرات) میں لب کشائی نہ کریں بلاوجہ، بلاضرورت اس کے تذکرے نہ کریں۔ حتی الامکان خاموشی اور سکوت اختیار کریں۔
- **بدنیتی پر محمول نہ کریں:** ان کے اختلافات (جس میں یقیناً اللہ کی طرف سے حکمتیں ہوں گی) کو نیک نیتی (سب طالب حق تھے) پر محمول کرکے ہر فریق کو عادل اور نیک سمجھیں۔ ان میں سے کسی پر اغراض فاسدہ (ہوا و حرص، حب جاہ و ریاست) کا نہ الزام دیں (کہ صحابہ رضی اللہ عنہم کے سینے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت کی برکت سے آئینہ کی طرح صاف وشفاف ہوگئے تھے) نہ اس بنیاد پر کسی پر طعن و تشنیع و تنقید کریں، اور نہ ہی کسی کو کافر فاسق قرار دیں۔ حضرت علیؓ کو اس وجہ سے نہیں کہہ سکتے کہ وہ بیعتِ خلافت کو قصاص سے مقدم سمجھنے میں حق پر تھے، دو اجر کے مستحق تھے، وہ اطاعت امیر کے حکم کو قوت سے نافذ کرنا چاہتے تھے۔ اور حضرت معاویہؓ قاتلین عثمانؓ کے قصاص لینے کو بیعتِ علیؓ سے مقدم سمجھنے میں اور حضرت علیؓ کی تاخیر کو تغافل و تساہل سمجھنے اور اقامت حدود اللہ کو قوت سے نافذ کرنے میں اجتہادی خطاء پر تھے (اور مجتہد ہونے کی وجہ سے معذور تھے اور ایک اجر کے مستحق تھے) یہ نفسانیت نہ تھی، یہ مخالفت استحقاقِ خلافت کی وجہ سے نہ تھی۔

3. حقوق صحابہ رضی اللہ عنہم

❑ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے محبت کے تقاضے

(2) صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا کبھی بھی برائی سے تذکرہ نہ کریں نہ سنیں

تاریخی روایات پر اعتماد نہ کریں: نصوص قطعیہ (قرآن، احادیث متواترہ و مشہور اور اجماع جو کہ مفید یقین ہیں) سے جو صحابہ رضی اللہ عنہم کے فضائل، مناقب اور عقائد ثابت ہیں اسی کے مطابق اپنا عقیدہ رکھیں۔

نصوص قطعیہ کے بر خلاف (خبر واحد، تاریخی روایات جو زیادہ سے زیادہ مفید ظن میں سے) جو بات بھی ہو اسے نہ تسلیم کریں (وہ واجب التاویل ہیں یا واجب الرد) نہ اس کی بنیاد پر کسی صحابی سے بدگمانی، طعن و تشنیع اور تنقید کرکے اپنا ایمان خراب کریں۔

3. حقوق صحابہ رضی اللہ عنہم

❑ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے محبت کے تقاضے

(2) صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا کبھی بھی برائی سے تذکرہ نہ کریں نہ سنیں

1. ہمیں اسی کا حکم ہے:

چنانچہ حدیث میں آتا ہے:

اِذَا ذُكِرَ اَصحَابِي فَامسِكُوا ۔(صحيح الجامع،رقم:545)

امام شعبیؒ سے منقول ہے:

اہل سنت صحابہ رضی اللہ عنہم کا حق پہچانتے ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کی صحبت کے لیے منتخب فرمایا، وہ ان کے فضائل خواہ وہ بڑے ہوں یا چھوٹے لیتے ہیں، اور ان کے **باہمی اختلافات سے خاموشی اختیار** کرتے ہیں۔

3. حقوق صحابہ رضی اللہ عنہم

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے محبت کے تقاضے

(2) صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا کبھی بھی برائی سے تذکرہ نہ کریں نہ سنیں

- ہمیں تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے لیے استغفار اور دعا کا حکم ہے نہ کہ ان کے باہمی اختلافات و تنازعات کو ذکر کرنے کا۔

چنانچہ امام بن بطہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں:
ہم صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے **مابین مشاجرات سے خاموشی اختیار کرتے ہیں** وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ جہاد میں شریک ہوئے اور باقی لوگوں سے فضل وشرف میں سبقت لے گئے، اللہ نے انہیں معاف کر دیا ان کے بارے میں استغفار کا حکم دیا۔

3. حقوق صحابہ رضی اللہ عنہم

❑ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے محبت کے تقاضے

(2) صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا کبھی بھی برائی سے تذکرہ نہ کریں نہ سنیں

2. ان تذکروں میں کوئی فائدہ بھی نہیں

- امام احمد بن حنبلؒ سے جب صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے درمیان ہونے والے اختلافات وتنازعات کے بارے میں سوال کیا گیا تو انہوں نے فرمایا:

تِلْكَ أُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَا كَسَبْتُمْ وَلَا تُسْأَلُونَ عَمَّا كَانُوا يَعْمَلُونَ (بقرۃ:134)

حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ سے اس کے متعلق پوچھا گیا تو انہوں نے فرمایا:

اللہ تبارک وتعالیٰ نے ان کے خون سے میرے ہاتھوں کو پاک صاف رکھا ہے، میں پسند نہیں کرتا کہ اپنی زبان ان کے بارے میں آلودہ کروں۔

3. حقوق صحابہ رضی اللہ عنہم

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے محبت کے تقاضے

(2) صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا کبھی بھی برائی سے تذکرہ نہ کریں نہ سنیں

- جب اللہ تعالیٰ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو معاف کر دیا اور قیامت میں ان کی باہمی کدورتوں کو بھی ختم فرمادیں گے تو پھر ان تذکروں کا کیا فائدہ؟

حضرت شیخ عبد القادر جیلانیؒ فرماتے ہیں:

رہا حضرت علیؓ کا حضرت طلحہ، حضرت زبیر، حضرت عائشہ اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہم سے قتال کرنا تو اس کے متعلق امام احمدؒ نے فرمایا ہے کہ اس قتال سے اور باقی بھی ان کے مابین ہونے والے اختلافات اور نزاعات اور منافرت سے خاموشی اختیار کی جائے کیونکہ اللہ تعالیٰ قیامت کے روز ان کے دلوں سے یہ خصومات نکال دے گا

3. حقوق صحابہ رضی اللہ عنہم

❑ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے محبت کے تقاضے

(2) صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا کبھی بھی برائی سے تذکرہ نہ کریں نہ سنیں

3. ان تذکروں میں امت کا نقصان بھی ہے ان تذکروں سے صحابہ رضی اللہ عنہم سے بد گمانی، بغض پیدا ہوتا ہے۔

ابن تیمیہؒ فرماتے ہیں

مشاجرات صحابہ رضی اللہ عنہم کے بارے میں خاموشی اہل سنت کا مذہب ہے کیونکہ ان کے فضائل ثابت اور ان سے تعلق محبت واجب ہے، ان سے جن واقعات کا صدور ہوا ہے ان کے بارے میں ان کے نزدیک ایسے عذر ہوں گے جو اکثر لوگوں سے مخفی ہیں، ان میں سے بعض تائب ہوگئے اور بعض مغفور ہیں۔ ان کے باہمی جھگڑوں میں بحث و نظر کا نتیجہ یہ ہوگا کہ بہت سے لوگوں کے دلوں میں ان کے خلاف بغض و مذمت پیدا ہوجائے گی اور یوں وہ شخص خطاکار بلکہ گناہگار ہوگا اور اپنے ساتھ ان کو بھی نقصان مبتلا کرے گا جو اس کے ساتھ اس بارے میں بحث و تکرار کرے گا۔ جیسا کہ اکثر کلام کرنے والوں کے بارے میں مشاہدہ کیا گیا ہے وہ عموماً ایسی باتیں کہتے ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم ناپسند کرتے ہیں جو فی الواقع مستحق ذم نہیں ان کی مذمت کرتے ہیں اور جو قابل مدح نہیں ان کی مدح کرتے ہیں۔ اسی لیے فاضل سلف کا طریقہ یہی رہا ہے کہ اس بارے میں گفتگو نہ کی جائے۔ (منہاج السنۃ:2-220/219)

3. حقوق صحابہ رضی اللہ عنہم

❑ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے محبت کے تقاضے

(2) صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا کبھی بھی برائی سے تذکرہ نہ کریں نہ سنیں

4. جب ہم اس زمانہ میں موجود نہیں تھے اور ان کے حالات، مجبوریوں کا صحیح ادراک ہمیں نہیں تو ہمارا خاموش رہنا ہی بہتر ہے۔

چنانچہ حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

یہ ایسی جنگ تھی جس میں اصحاب رضی اللہ عنہم محمد صلی اللہ علیہ وسلم موجود تھے اور ہم غائب۔ وہ (ان حالات کو) جانتے تھے اور ہم نہیں جانتے، (جن امور میں) انہوں نے اجماع کیا ان میں ہم کی پیروی کرتے ہیں اور (جن امور میں) انہوں نے اختلاف کیا تو ان میں ہم بھی توقف کرتے ہیں۔ (تفسیر قرطبی:322/16)

3. حقوق صحابہ رضی اللہ عنہم

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے محبت کے تقاضے

(2) صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا کبھی بھی برائی سے تذکرہ نہ کریں نہ سنیں

5. ان تذکروں کی وجہ سے انسان کی عاقبت خراب ہوتی ہے۔

حضرت امام شافعیؒ نے اپنے شاگرد ربیع سے فرمایا

اے ربیع! رسول اللہ کے صحابہ رضی اللہ عنہم کے بارے میں بتکلف بحث و تکرار نہ کرو، کل تمہارے مد مقابل نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہوں گے۔

نیز فرمایا:

میرا خیال ہے کہ لوگ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو برا کہنے کے بارے میں اس بنا پر آزمائش میں مبتلا ہوئے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے عمل ختم ہونے کے بعد ان کے نامہ اعمال میں اللہ تعالیٰ ثواب کا اضافہ کرتے رہیں گے۔

3. حقوق صحابہ رضی اللہ عنہم

❑ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے محبت کے تقاضے

(2) صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا کبھی بھی برائی سے تذکرہ نہ کریں نہ سنیں

5. ان تذکروں کی وجہ سے انسان کی عاقبت خراب ہوتی ہے۔

معلوم ہوا کہ ان بزرگوں کی خطا کو زبان پر بھی نہ لانا چاہیے۔ خیر ہی کے ساتھ ان کا ذکر کرنا چاہیے۔ جس طرح حضرت موسیٰ اور حضرت ہارون علیہما السلام کا دست و گریباں ہونا قرآن کریم میں مذکور ہے لیکن دونوں کو بزرگ سمجھنا فرض ہے اور ان کا غلطی کی تحقیق میں پڑنا کہ کس قصور تھا یہ سراسر ناجائز ہے اور قصور عقل کی دلیل ہے۔ ایک بھائی نے اپنے بھائی کے ساتھ جو معاملہ کیا اس میں ہم جیسے نابکار اور ناہنجار غلاموں اور خادموں کو لب کشائی کی اجازت نہیں اسی طرح حضرت علی اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہما دونوں آپس میں بھی بھائی تھے اور دونوں ہی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بھی بھائی تھے۔ ایک (علی) اگر برادر نسبی تھے تو دوسرے (معاویہ) برادر نسبتی تھے یعنی ام حبیبہ بنت ابی سفیان کے بھائی تھے۔ پس جس طرح حضرت موسیٰ وہارون علیہما السلام میں علاقہ اخوت تھا اسی طرح حضرت علی اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہما میں علاقہ اخوت تھا۔ ہم غلاموں کے لیے یہ روا نہیں کہ اس تحقیق میں پڑیں کہ دونوں میں کیوں لڑائی ہوئی اور طرفین میں سے کس کا قصور تھا اور نہ ان کی ضرورت ہے لایعنی عمل شرعا سکوت لازم اور ضروری ہے اور حضرت علی کو ام المومنین عائشہ کے ساتھ تو نسبت ابنیت اور امومت کی تھی

3. حقوق صحابہ رضی اللہ عنہم

❑ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے محبت کے تقاضے

(2) صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا کبھی بھی برائی سے تذکرہ نہ کریں نہ سنیں

- جو شخص صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو برا بھلا کہے اس کے ساتھ کیا معاملہ کرنا چاہیے؟

اگر کوئی شخص کسی کے سامنے کسی صحابی کی گستاخی کرے تو اولاً اسے حکمت سے سمجھائیں، اگر وہ پھر بھی باز نہیں آتا تو اسے اپنی استطاعت کے مطابق منع کریں۔ اگر خود منع کرنے میں فساد کا اندیشہ ہو تو قانونی وشرعی شہادت کے تقاضے پورے کرتے ہوئے اس کی شکایت متعلقہ ادارے میں کر دیں۔ اگر پہلے اس سے تعلق تھا تو اس کے توبہ تائب ہونے تک سماجی بائیکاٹ رکھیں؛ تاکہ اس کی اصلاح میں مدد ومعاون ہو۔ فقط والسلام

(دار الافتاء جامعہ علوم اسلامیہ علامہ محمد یوسف بنوری ٹاؤن، فتویٰ نمبر: 144102200331)

3. حقوق صحابہ رضی اللہ عنہم

تیسرا حق: صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی پیروی اور اتباع کرنا

- ہمیں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی اتباع کا حکم ہے۔

(1) خلفاء راشدین کی اتباع کا حکم ہے

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

فإنه من يعش منكم يرى اختلافا كثيرا، وإياكم ومحدثات الأمور فإنها ضلالة فمن أدرك ذلك منكم فعليه بسنتي وسنة الخلفاء الراشدين المهديين، عضوا عليها بالنواجذ (ترمذی۔ رقم: 2676)

3. حقوق صحابہ رضی اللہ عنہم

کی پیروی اور اتباع کرنا رضی اللہ عنہم تیسرا حق: صحابہ کرام

کی اتباع کا حکم ہے۔ رضی اللہ عنہم ہمیں صحابہ کرام

کی اتباع کا حکم رضی اللہ عنہم (2) عام صحابہ کرام

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

ليأتين على أمتي ما أتى على بني إسرائيل حذو النعل بالنعل، حتى إن كان منهم من أتى أمه علانية لكان في أمتي من يصنع ذلك، وإن بني إسرائيل تفرقت على ثنتين وسبعين ملة، وتفترق أمتي على ثلاث وسبعين ملة، كلهم في النار إلا ملة واحدة، قالوا: ومن هي يا رسول الله؟ قال: **ما أنا عليه وأصحابي**. (ترمذی، رقم: 2641)

3. حقوق صحابہ رضی اللہ عنہم

تیسرا حق: صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی پیروی اور اتباع کرنا

ہمیں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی اتباع کا حکم ہے۔

- صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی اتباع کیوں ضروری ہے؟

1. صحابہ کرام رضی اللہ عنہم شریعت کی امانت امت کو منتقل کرنے میں امین ہیں

- صحابہ کرام رضی اللہ عنہم امت کو دین پہنچانے میں امین تھے نعوذباللہ وہ خائن یا متساہل، بدنیت یا حب جاہ ومال کے اسیر نہ تھے، وہ ہر موقع پر حق وسچ کہنے کے عادی تھے، بڑی سے بڑی ترغیب لالچ کسی قسم کا جبر خوف کسی قسم کی کوئی دھمکی ان کو حق کہنے سے روک نہیں سکتی تھی۔
- قرآن کریم اور احادیث نبویہ اور احکام شریعت صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ہی ذریعہ امت تک پہنچے اگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم قرآن کریم جمع نہ کرتے اور احادیث اور احکام شریعت کی روایت نہ کرتے تو امت کو نہ قرآن کا علم ہوتا اور نہ حدیث کا اور نہ آپ کی شریعت کا اور نہ آپ کی نبوت کا، صحابہ رضی اللہ عنہم رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور امت کے درمیان واسطہ ہیں۔

3. حقوق صحابہ رضی اللہ عنہم

تیسرا حق: صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی پیروی اور اتباع کرنا

ہمیں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی اتباع کا حکم ہے۔

- صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی اتباع کیوں ضروری ہے؟

2. صحابہ کرام رضی اللہ عنہم شریعت کے مزاج کو سب سے زیادہ سمجھنے والے تھے

اولین شاگرد: صحابہ کرام رضی اللہ عنہم بلاواسطہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اولین شاگرد ہیں۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے شریعت کی تعلیم براہ راست حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے حاصل کی اور براہ راست بلاواسطہ استاد سے سیکھنے والا بالواسطہ سیکھنے والوں سے بدرجہا بہتر ہوتا ہے، چنانچہ ہر امت میں یہ قانون مسلم رہا ہے کہ وہ اپنے نبی کے اولا براہ راست ایمان لانے والی جماعت کو جو اس کے اصحاب اور حوارین کہلاتے تھے سب امت سے افضل قابل احترام اور واجب الاقتداء سمجھی تھی، اور ان سے نبی پر نازل شدہ شریعت اس کی تعلیمات اور رشد وہدایات کے جملہ اصول سیکھتی تھی انہیں قابل اعتماد اور ثقہ سمجھ

3. حقوق صحابہ رضی اللہ عنہم

تیسرا حق: صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی پیروی اور اتباع کرنا

ہمیں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی اتباع کا حکم ہے۔

- صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی اتباع کیوں ضروری ہے؟

2. صحابہ کرام رضی اللہ عنہم شریعت کے مزاج کو سب سے زیادہ سمجھنے والے تھے

کر ان سے دین حاصل کرتی اور انہیں اپنے اور اپنے نبی برحق کے درمیان ہدایت کا واسطہ سمجھتی تھی۔ یہود سے جب پوچھا گیا کہ تمہاری امت میں سب سے افضل لوگ کون تھے تو سب نے کہا حضرت موسیٰ علیہ السلام کے اصحاب سب امت سے افضل تھے اور جب نصاریٰ سے یہی سوال ہوا تو انہوں نے بھی بالاتفاق کہا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حواری اور اصحاب سب امت عیسوی سے افضل تھے۔

3. حقوق صحابہ رضی اللہ عنہم

تیسرا حق: صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی پیروی اور اتباع کرنا

ہمیں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی اتباع کا حکم ہے۔

- صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی اتباع کیوں ضروری ہے؟

2. صحابہ کرام رضی اللہ عنہم شریعت کے مزاج کو سب سے زیادہ سمجھنے والے تھے

نفوس کا تذکیہ: صحابہ رضی اللہ عنہم کے سینے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت کی برکت سے ہر قسم کی کجی سے اور باطنی بیماریوں سے جو علم حقیقی کے حصول میں مانع ہوتی ہیں پاک اور آئینہ کی طرح صاف شفاف ہوگئے تھے، چنانچہ تقدس پاکیزگی، تقویٰ و طہارت دین کی صحیح سمجھ اور حقائق و معارف اور دین کی پوشیدہ حکمتوں اور رازوں کو سب سے زیادہ جاننے والے اور شارع شریعت کے مزاج کو سب سے زیادہ سمجھنے والے بن گئے تھے۔

حضرت ابن مسعودؓ نے صحابہ کرام کے بارے فرمایا:

أولئك أصحاب محمد صلى الله عليه وسلم كانوا أفضل هذه الأمة أبرها قلوبا...الخ (مشكاة المصابيح، رقم:193)

3. حقوق صحابہ رضی اللہ عنہم

تیسرا حق: صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی پیروی اور اتباع کرنا

ہمیں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی اتباع کا حکم ہے۔

- صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی اتباع کیوں ضروری ہے؟

2. صحابہ کرام رضی اللہ عنہم شریعت کے مزاج کو سب سے زیادہ سمجھنے والے تھے

فطرت سلیمہ، علم پر عمل: صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو فطرت سلیمہ اور عقل سلیم حاصل تھی وہ اپنے علم پر عمل کرنے والے تھے، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جس حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو کرتے دیکھا اسی طرح کرنے کی کوشش کرتے تھے اس امر کی گواہی حضرت عبد اللہ ابن عمر کا یہ قول ہے: اللہ تعالیٰ ہماری طرف حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اس وقت بھیجا کہ ہم کچھ نہ جانتے تھے۔ پس ہم اسی طرح کرتے تھے جس طرح ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کرتے ہوئے دیکھا۔(ابن ماجہ، رقم:1/558)

اپنے علم پر کامل عمل اور عقل سلیم کی وجہ سے ایسے دینی حقائق تک ان کی رسائی ہوتی تھی جہاں اور کی عقلیں نہیں پہنچ پاتیں تھیں۔

3. حقوق صحابہ رضی اللہ عنہم

تیسرا حق: صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی پیروی اور اتباع کرنا

ہمیں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی اتباع کا حکم ہے۔

- صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی اتباع کیوں ضروری ہے؟

2. صحابہ کرام رضی اللہ عنہم شریعت کے مزاج کو سب سے زیادہ سمجھنے والے تھے

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا: پھر بعض صحابہ رضی اللہ عنہم کے لیے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے باقاعدہ دینی سمجھ و فہم کی دعا کی تھی۔ جیسے

- حضرت عبد اللہ ابن عباس اپنے بارے میں ذکر فرماتے ہیں:

كُنتُ فِي بَيْتِ مَيْمُونَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ، فَوَضَعْتُ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَهُورًا فَقَالَ: "مَنْ وَضَعَ هَذَا"؟ قَالَتْ مَيْمُونَةُ: عَبْدُ اللَّهِ فَقَالَ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "اللَّهُمَّ فَقِّهْهُ فِي الدين وعلمه التأول" (ابن حبان، رقم:7055)

- حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں بھی اسی طرح آتا ہے۔

3. حقوق صحابہ رضی اللہ عنہم

کی پیروی اور اتباع کرنا رضی اللہ عنہم تیسرا حق: صحابہ کرام

کی اتباع کا حکم ہے۔ رضی اللہ عنہم ہمیں صحابہ کرام

- صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی اتباع کیوں ضروری ہے؟

2. صحابہ کرام رضی اللہ عنہم شریعت کے مزاج کو سب سے زیادہ سمجھنے والے تھے

علم میں گہرائی: صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا علم سطحی نہیں تھا ان کو گہرا علم حاصل تھا۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

أولئك أصحاب محمد صلى الله عليه وسلم كانوا أفضل هذه الأمة أبرها قلوبا وأعمقها علما (مشكاة المصابيح، رقم:193)

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے دین کی تعلیم براہ راست حضور ﷺ سے حاصل کی ان میں سے بعض حضرات نے تو پوری زندگیاں اسی کام کے لیے وقف کی ہوئی تھیں، وہ باقاعدہ سبقا سبقا آپ ﷺ سے پڑھا کرتے تھے۔

3. حقوق صحابہ رضی اللہ عنہم

تیسرا حق: صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی پیروی اور اتباع کرنا

ہمیں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی اتباع کا حکم ہے۔

- صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی اتباع کیوں ضروری ہے؟

2. صحابہ کرام رضی اللہ عنہم شریعت کے مزاج کو سب سے زیادہ سمجھنے والے تھے

عربی زبان: صحابہ رضی اللہ عنہم کی زبان عربی تھی، وہ قرآن و حدیث کے محاوروں کو حقیقت و مجاز کو فصاحت و بلاغت دوسروں کی بنسبت خوب سمجھنے والے تھے۔

3. حقوق صحابہ رضی اللہ عنہم

تیسرا حق: صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی پیروی اور اتباع کرنا

ہمیں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی اتباع کا حکم ہے۔

- صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی اتباع کیوں ضروری ہے؟

3. صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نزول شریعت کے عینی شاہد تھے

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ہی ہیں جنھوں نے نزول شریعت کا زمانہ پایا وحی الٰہی کو اترتے دیکھا وہ ان حالات اور واقعات کے عینی شاہد تھے جو وجہ نزول شریعت بنے، وہ احکام شریعت کے شان نزول سے واقف تھے کئی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم تو خود شان نزول تھے، اس لیے وہ ہر بات موقع محل کو اس کے درجہ اور حیثیت کو خوب جانتے تھے۔ چنانچہ حضرت عبد اللہ بن مسعود فرماتے ہیں: اس ذات کی قسم جس کے سوا کوئی معبود نہیں کہ کتاب اللہ کی کوئی آیت ایسی نازل ہوئی جس کے بارے میں مجھے پتہ نہ ہو کہ وہ کس کے بارے میں اور کہاں نازل ہوئی اور اگر مجھے کسی ایسے شخص کا پتہ چلے جو کتاب اللہ کے بارے میں مجھ سے زیادہ جانتا ہو اور سواریاں اس کے پاس پہنچا سکتی ہوں تو میں اس کے پاس ضرور جاؤں گا۔

3. حقوق صحابہ رضی اللہ عنہم

کی پیروی اور اتباع کرنا رضی اللہ عنہم تیسرا حق: صحابہ کرام

کی اتباع کا حکم ہے۔ رضی اللہ عنہم ہمیں صحابہ کرام

کی اتباع کی صورتیں و شکلیں رضی اللہ عنہم صحابہ کرام

1. صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے اجماع (قولی ہو یا سکوتی) کی پیروی واجب ہے۔

ابن حجرؒ فرماتے ہیں:

ان اهل السنة والجماعة متفقون على ان اجماع الصحابة حجة۔ (فتح الباری)

3. حقوق صحابہ رضی اللہ عنہم

کی پیروی اور اتباع کرنا رضی اللہ عنہم تیسرا حق: صحابہ کرام

کی اتباع کا حکم ہے۔ رضی اللہ عنہم ہمیں صحابہ کرام

کی اتباع کی صورتیں و شکلیں رضی اللہ عنہم صحابہ کرام

2. درج ذیل صورتوں میں قول صحابی کی اتباع ضروری ہے:

1) صحابی قرآن کریم تفسیر بیان کریں بشرطیکہ وہ تفسیر کسی صحیح مرفوع حدیث کے مخالف نہ ہو

میں دو شخصوں کو فن تفسیر میں خصوصی امتیاز حاصل تھا۔ 1. عبد اللہ بن مسعود۔ 2. عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہم صحابہ کرام

2) صحابی کا کسی بات یا کام سے متعلق یوں کہنا "من السنة كذا (یہ بات بھی سنت ہے) یا امرنا بكذا، کنا نؤمر (ہمیں حکم دیا گیا ہے، ہمیں حکم دیا جاتا تھا) اسے حضور ﷺ کی سنت یا حدیث اور حضور ﷺ کا حکم یا نہی سمجھا جائے گا۔

3. حقوق صحابہ رضی اللہ عنہم

کی پیروی اور اتباع کرنا رضی اللہ عنہم تیسرا حق: صحابہ کرام

کی اتباع کا حکم ہے۔ رضی اللہ عنہم ہمیں صحابہ کرام

کی اتباع کی صورتیں و شکلیں رضی اللہ عنہم صحابہ کرام

2. درج ذیل صورتوں میں قول صحابی کی اتباع ضروری ہے:

3) صحابی حدیث کی تفسیر بیان کریں

4) جس مسئلہ میں کوئی نص قرآن وحدیث کی نہ ہو اس میں صحابی کا قول (چاہے قیاس کے موافق یا یا مخالف، بس شرط یہ ہے کہ وہ فیما تعم بہ البلویٰ (لوگوں کو کثرت سے پیش آنے والے کاموں میں) سے نہ ہو۔

5) صحابی کا کوئی قول و عمل یا فتویٰ کسی حدیث کا جو ظاہری مطلب ہو اس کے خلاف ہو تو بھی صحابی کی بات کو لیا جائے گا۔

3. حقوق صحابہ رضی اللہ عنہم

تیسرا حق: صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی پیروی اور اتباع کرنا

ہمیں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی اتباع کا حکم ہے۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی اتباع کی صورتیں و شکلیں

2. درج ذیل صورتوں میں قول صحابی کی اتباع ضروری ہے:

6) جس (غیر منصوص) مسئلہ میں صحابی کے اقول مختلف ہوں اور ان مختلف اقوال میں تطبیق اور ہم آہنگی بھی ہو سکتی ہو تو مجتھد جس قول کو دلائل کے لحاظ سے زیادہ مضبوط پائے اسے اختیار کرے گا۔

1. اہلِ بیت کا مطلب و مصداق

2. اہلِ بیت رضی اللہ عنہم کے فضائل و مناقب

3. اہلِ بیت رضی اللہ عنہم کے حقوق

1. اہل بیت کا مطلب ومصداق

لغت میں اہل بیت گھر والوں کو کہتے ہیں۔ جبکہ اصطلاح میں اہل بیت کے مفہوم میں نبی کریم ﷺ کی آل واولاد، داماد(حضرت علی کرم اللہ وجہہ) اور ازواج مطہرات شامل ہیں۔

2. اہل بیت رضی اللہ عنہم کے فضائل و مناقب

1. اہل بیت رضی اللہ عنہم کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت کا شرف حاصل ہونے کی وجہ سے صحابہ رضی اللہ عنہم کے جتنے فضائل تھے وہ سب بھی حاصل ہیں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی قرابت دار کی وجہ سے مزید فضیلتیں بھی حاصل ہیں۔

2. اللہ تعالیٰ نے ان کے تقویٰ اور طہارت کی گواہی دی ہے:

إِنَّمَا يُرِيدُ اللَّهُ لِيُذْهِبَ عَنكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا (احزاب:33)

3. اہل بیت رضی اللہ عنہم کے حقوق

پہلا حق: اہل بیت رضی اللہ عنہم سے محبت کرنا بغض نہ کرنا۔ جو ان سے بغض رکھے اس سے بغض رکھنا

- قُلْ لَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ أَجْرًا إِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبَى (شوریٰ:23)
- ما بال أقوام يتحدثون، فإذا رأوا الرجل من أهل بيتي قطعوا حديثهم، والله لا يدخل قلب رجل الإيمان حتى يحبهم لله ولقرابتهم مني (ابن ماجة:140)
- فَلَوْ أَنَّ رَجُلًا صَفَنَ بَيْنَ الرُّكْنِ وَالْمَقَامِ فَصَلَّى، وَصَامَ ثُمَّ لَقِيَ اللَّهَ وَهُوَ مُبْغِضٌ لِأَهْلِ بَيْتِ مُحَمَّدٍ دَخَلَ النَّارَ (مستدرك حاكم، رقم:4712)

3. اہل بیت رضی اللہ عنہم کے حقوق

دوسرا حق: اہل بیتؓ کی تعظیم کرنا

- وَمَنۡ يُعَظِّمۡ شَعَآئِرَ اللّٰهِ فَإِنَّهَا مِنۡ تَقۡوَى الۡقُلُوبِ (حج:32)

3. اہل بیت رضی اللہ عنہم کے حقوق

تیسرا حق: اہل بیت رضی اللہ عنہم کی پیروی اور اتباع کرنا

عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّتِهِ يَوْمَ عَرَفَةَ وَهُوَ عَلَى نَاقَتِهِ الْقَصْوَاءِ يَخْطُبُ، فَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: " يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنِّي تَرَكْتُ فِيكُمْ مَا إِنْ أَخَذْتُمْ بِهِ لَنْ تَضِلُّوا: كِتَابَ اللّٰهِ، وَعِتْرَتِي أَهْلَ بَيْتِي (ترمذی، رقم: 3786)

3. اہل بیت رضی اللہ عنہم کے حقوق

چوتھا حق: اہل بیت رضی اللہ عنہم پر درود وسلام بھیجنا

ابن القیمؒ نے اپنی کتاب 'جلائُ الافھام میں بڑی وضاحت سے یہ بات لکھی ہیں کہ ساری امت میں سے صرف اہل بیت کا یہ حق ہے کہ ان پر درود بھیجا جائے اور اس مسئلہ میں پوری امت متفق ہیں، کسی کا کوئی اختلاف نہیں ہے۔

جزاکم اللہ خیرا

رابطہ نمبر: 03312607204